

آپ کے بچے کو سماعت کے ایک تشخیصی ٹیسٹ کی ضرورت ہے

آپ کے بچے کی سماعت کے ایک تشخیصی ٹیسٹ کی اپائنٹمنٹ ہے:

آپ کے بچے کا نام ____________________

ماہر سماعت کا نام ____________________

ماہر سماعت کا فون نمبر ____________________

ماہر سماعت کا ای میل ____________________

اپائنٹمنٹ کی تاریخ ____________________

اپائنٹمنٹ کا وقت ____________________

اگر آپ کو دوبارہ شیڈول کرانے کی ضرورت ہو – تو براہ کرم ماہر سماعت – سماعت کی نگہداشت کے ماہر کو کال کریں۔ آپ کے بچے کا یہ ٹیسٹ *3 مہینے* کی عمر تک کروا لیا جانا چاہیے۔

اگلے مراحل

- اپنے بچے کو مندرجہ بالا اپائنٹمنٹ پر لے کر آئیں۔
- سماعت کی اسکریننگ کے دوران، آڈیولوجسٹ آپ کے بچے کی سماعت کو جانچنے کے لیے اوزار استعمال کرے گا۔ اس ٹیسٹ سے آپ کے بچے کو تکلیف نہیں ہو گی۔
- سماعت کے کسی نقص کی جتنی جلدی نشاندہی کی جائے گی، اتنی ہی جلدی آپ کا بچہ گفتگو اور زبان جیسی گفت و شنید کی مہارتیں سیکھنے کے لیے خدمات حاصل کر سکے گا۔

گفت و شنید کیوں ضروری ہے؟

- یہ بہتر ہو گا کہ آپ کا بچہ جلد از جلد بات چیت کرنے کے قابل ہو جائے۔ یہ ٹیسٹ آپ کے بچے کی سماعت کے نقص کی قسم اور سماعت کے نقص کی سطح کی نشاندہی کرے گا۔
- اگر آپ کے بچے کی سماعت میں کوئی نقص ہوا، تو تشخیصی ٹیسٹ آپ کو اور آپ کے بچے کے ماہر سماعت یا صحت کے نگہداشت فراہم کنندہ کو آپ کے بچے کے لیے بات چیت کرنے کا طریقہ منتخب کرنے میں مدد فراہم کرے گا۔ آپ کے بچے کے لیے بات چیت کرنے کا سب سے بہترین طریقہ وہ ہوتا ہے، جو آپ کے بچے اور آپ کے خاندان کے لیے سب سے زیادہ معقول ہو۔ آپ کے بچے کے لیے اشاروں کی زبان، بول چال یا دونوں طریقوں سے بات چیت کرنا ایک بہترین انتخاب ہو سکتا ہے۔
- والدین اور نگہداشت کنندگان، بچے کو بات چیت کرنا سکھانے میں مدد دینے میں سب سے اہم کردار ادا کرتے ہیں۔
- بات چیت دو طرفہ ہونی چاہیے: یعنی آپ سے آپ کے بچے کے ساتھ اور آپ کے بچے سے آپ کے ساتھ۔
- آپ کا بچہ پیدائش کے ساتھ ہی زبان کی مہارت فروغ دینا شروع کر دیتا ہے۔ سیکھنے کے عمل میں زبان بنیادی کردار ادا کرتی ہے اور سیکھنے کے لیے سماعت بہت ضروری ہے۔

سماعت کا نقص کیا ہے؟

- سماعت کا نقص ایک ایسی حالت ہے جو آپ کے بچے کے آواز کو پہچاننے کے طریقے کو متاثر کرتی ہے۔ یہ درج ذیل طرح کی ہو سکتی ہے:
  - دائمی یا عارضی
  - ہلکی، معتدل، شدید یا گہری
- اگر تشخیصی ٹیسٹ سے یہ ثابت ہو جائے کہ آپ کے بچے کی سماعت میں نقص موجود ہے، تو یہ آپ کے بچے کے نگہداشت صحت کے فراہم کنندہ یا ماہر سماعت کو سماعت میں نقص کی نوعیت اور شدت کے بارے میں بھی بتائے گا۔

مزید معلومات کے لیے: **health.ny.gov/EHDI**

NEW YORK STATE | Department of Health

21531 (Urdu)

11/24